Sig. of Supdt..........................

KT-XII-1901

اُردو لازمی (پارٹ۔ٹو)

Fresh / Reappear

Roll No.......................................

Fic. No.......................................

Fic. No.......................................

کل وقت: 3 گھنٹے | Code - 22 | کل نمبر: 100

اُردو لازمی (پارٹ۔ٹو)

Fresh / Reappear

نوٹ: اس پرچے کے تین حصے ہیں۔ حصہ اول، دوم اور سوم۔ حصہ اول مقررہ وقت کے اندر حل کر کے سپرنٹنڈنٹ صاحب کے حوالے کر دیں۔ کاٹنے مٹانے یا دوبارہ لکھنے پر نمبر نہیں ملیں گے۔ امتحانی ہال میں موبائل فون لانا منع ہے۔

وقت: 20 منٹ

حصہ اول (معروضی)

نمبر: 20

سوال 1۔ درست جواب کا انتخاب کریں۔ اور اپنا انتخاب (الف، ب، ج یا د) ہر جز کے سامنے دیئے گئے خالی خانہ میں لکھیں۔

i. جب سکتے سے زیادہ ٹھہرنے کی ضرورت ہو وہاں ــــــ استعمال کیا جاتا ہے۔
الف۔ وقفہ | ب۔ رابطہ | ج۔ ختمہ | د۔ ندائیہ
[الف]

ii. "سانٹ" ــــــ مصرعوں پر مشتمل ہوتی ہے۔
الف۔ سات | ب۔ بارہ | ج۔ چودہ | د۔ پندرہ
[ج]

iii. مرزا نشہ زور کی باتوں میں ــــــ تھا۔
الف۔ درد | ب۔ سوز | ج۔ اثر | د۔ درد اور اثر
[د]

iv. سقراط کا باپ ایک ــــــ تھا۔
الف۔ بت تراش | ب۔ طبیب | ج۔ بادشاہ | د۔ دانش ور
[الف]

v. خواجہ حسن نظامی ــــــ پیدا ہوئے۔
الف۔ 1873 | ب۔ 1875 | ج۔ 1878 | د۔ 1879
[ج]

vi. محمد حسین آزاد ــــــ پیدا ہوئے۔
الف۔ دہلی | ب۔ لکھنو | ج۔ دکن | د۔ گورکھپور
[الف]

vii. ڈاکٹر وزیر آغا نے ڈاکٹریٹ کی ڈگری ــــــ سے حاصل کی۔
الف۔ سرگودھا یونیورسٹی | ب۔ پنجاب یونیورسٹی | ج۔ کراچی یونیورسٹی | د۔ پشاور یونیورسٹی
[ب]

viii. "آتش پارے" ــــــ افسانہ نگار کا مجموعہ ہے۔
الف۔ احمد ندیم | ب۔ غلام عباس | ج۔ اشفاق احمد | د۔ سعادت حسن منٹو
[د]

ix. شوکت صدیقی کو ــــــ ناول پر آدم جی ایوارڈ ملا۔
الف۔ جانگلوس | ب۔ کمین گاہ | ج۔ خدا کی بستی | د۔ تیسرا آدمی
[ج]

x. سبق "نکتہ" صنف کے لحاظ سے ــــــ ہے۔
الف۔ افسانہ | ب۔ ناول | ج۔ ڈرامہ | د۔ مضمون
[الف]

xi. غزل کا لفظ ــــــ زبان کا ایک مصدر ہے۔
الف۔ اردو | ب۔ عربی | ج۔ فارسی | د۔ یونانی
[ب]

xii. "نقش فریادی" ــــــ کا مجموعہ کلام ہے۔
الف۔ ناصر کاظمی | ب۔ فیض احمد | ج۔ منیر نیازی | د۔ شکیب جلالی
[ب]

xiii. جس نظم کے ہر بند میں پانچ مصرعے ہوں اُسے ــــــ کہتے ہیں۔
الف۔ مخمس | ب۔ مسدس | ج۔ سانٹ | د۔ رباعی
[الف]

xiv. نظم "بڑھے چلو" ہیئت کے اعتبار سے ــــــ ہے۔
الف۔ مخمس | ب۔ مسدس | ج۔ مخمس ترکیب بند | د۔ مسدس ترجیع بند
[د]

xv. غزل یا قصیدہ کا پہلا شعر جو ہم قافیہ ہو ــــــ کہلاتا ہے۔
الف۔ مطلع | ب۔ مطلع ثانی | ج۔ مقطع | د۔ پہلا شعر
[الف]

xvi. مصرعہ مکمل کیجئے۔
پوچھ لیتے کبھی تیرا بھی ــــــ تجھ سے
الف۔ حال | ب۔ پتہ | ج۔ ارادہ | د۔ نام
[ج]

xvii. ــــــ کو 1997ء میں صدارتی ایوارڈ برائے حسن کارکردگی عطا کیا گیا۔
الف۔ شہزاد احمد | ب۔ احمد ندیم | ج۔ احمد فراز | د۔ ظفر اقبال
[الف]

xviii. احمد فراز کا اصل نام ــــــ تھا۔
الف۔ احمد شاہ | ب۔ سید احمد شاہ | ج۔ محمد احمد | د۔ محمد شاہ
[ب]

xix. میراجی کی نظم "شکست کی آواز" ان کے مجموعہ کلام ــــــ سے لی گئی ہے۔
الف۔ تین رنگ | ب۔ گیت ہی گیت | ج۔ پابند نظمیں | د۔ میرا جی کی نظمیں
[ج]

xx. روزمرہ میں الفاظ اپنے ــــــ معنوں میں استعمال ہوتے ہیں۔
الف۔ مجازی | ب۔ حقیقی | ج۔ مجازی، حقیقی | د۔ غلط
[ب]

eduvision.edu.pk

وقت: 2 گھنٹے 40 منٹ

اُردو لازمی (پارٹ۔ٹو)

Fresh / Reappear

حصہ دوم

نمبر:50

سوال۔2 مندرجہ ذیل میں سے دس سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔ تمام سوالات کے نمبر برابر ہیں۔

i. مسلمانوں کی تعلیم و تدریس کے مراکز کون کون سے تھے۔

ii. مرزا سلیم والدہ کی باتوں سے کیوں آزردہ تھا۔

iii. صنعتِ تضاد کی تعریف کریں۔ اور دو مثالیں دیں

iv. نبی اکرم سے محبت کرنے کا کیا انعام ہے۔

v. اقبال نے مسلمانانِ ہند کی عملی سیاسیات کی طرف اپنی توجہ کیوں مبذول کی۔

vi. "واقعی تغیر کو ثبات ہے" جملے کی وضاحت کریں۔

vii. اعراب لگائیں۔

مفلوج۔ معین۔ مریض۔ مسیحا۔ مائد

viii. شریف حسین اس دن گھر کی بجائے جامع مسجد کی طرف کیوں چل پڑا۔

ix. نظم "بڑھے چلو" کا مرکزی خیال تحریر کریں۔

x. احمد فراز نے اپنی آخری خواہش کیوں نہ بتائی

xi. امدادی یا معاون فعل کی وضاحت دو مثالوں سے کریں۔

xii. شاعروں کے بارے میں فارغ بخاری کے کیا جذبات تھے۔

xiii. درج ذیل تراکیب کو اپنے جملوں میں اس طرح استعمال کریں کہ معنی واضح ہو جائیں۔

مڈ بھیڑ۔ چوڑا چکلا۔ امتدادِ زمانہ۔ ہُو کا عالم۔ باچھیں کھلنا

حصہ سوم

نمبر:30

سوال۔3 متن اور سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک نثر پارے کی تشریح کریں۔

الف۔ دیکھا کہ ایک تخت طلسمات کو بتیس پریاں اڑائے لئے آتی ہیں۔ اس پر ایک راجا بیٹھا ہے۔ مگر نہایت دیرینہ سال اسے فرتے فرتے کے علا اور مورخ لینے کو نکلے مگر پنڈت اور مہاجن لوگ بہت بے قراری سے دوڑے۔ معلوم ہوا کہ راجا تو مہاراج بکرماجیت تھے اور تخت سنگھاسن بتیسی، پریاں اتنی بات کہہ کر ہوا ہو گئیں کہ جب تک سورج کا سونا اور چاند کی چاندی چمکتی ہے، نہ آپ کا منہ بٹے گا۔ نہ سکہ بیٹے گا۔ برہمنوں اور پنڈتوں نے تصدیق کی اور انھیں لے جا کر ایک مندر پر بٹھا دیا۔

ب۔ رنگ گندمی، گفتگو فلسفیانہ، شکل سے چور معلوم ہوتے ہیں۔ کسی صاحب کو ان کا پتہ معلوم ہو تو مرید پور کی خلافت کمیٹی کو اطلاع پہنچا دیں اور عنداللہ ماجور ہوں نیز کوئی صاحب ان کو ہرگز ہرگز کوئی چندہ نہ دیں ورنہ خلافت کمیٹی ذمہ دار نہ ہو گی۔ یہ بھی سننے میں آیا ہے کہ اس اخبار نے میرے ان خطوط کے بل پر اپنا ایک "کانگریس نمبر" بھی نکال مارا۔ جو اتنی بڑی تعداد میں چھپا کہ اس کے اوراق اب تک بعض پنساریوں کی دکانوں پر نظر آتے ہیں۔

سوال۔4 ذیل میں سے کسی ایک جز کی تشریح بحوالہ شاعر اور نظم کریں۔

الف۔
ہم تو مائل بہ کرم ہیں، کوئی سائل ہی نہیں
راہ دکھلائیں کسے؟ رہروِ منزل ہی نہیں
تربیت عام تو ہے، جوہر قابل ہی نہیں
جس سے تعمیر ہو آدم کی یہ وہ گِل ہی نہیں
کوئی قابل ہو تو ہم شانِ کئی دیتے ہیں
ڈھونڈنے والوں کو دنیا بھی نئی دیتے ہیں

ب۔
خاک ہیں اب تری گلیوں کی وہ عزت والے
جو ترے شہر کا پانی نہ پیا کرتے تھے
اب تو انسان کی عظمت بھی کوئی چیز نہیں
لوگ پتھر کو خدا مان لیا کرتے تھے

سوال۔5 مندرجہ ذیل عنوانات میں سے صرف ایک پر مفصل مضمون تحریر کریں۔

الف۔ تعلیم نسواں
ب۔ محسن انسانیت
ج۔ افراد کے ہاتھوں میں ہے اقوام کی تقدیر

eduvision.edu.pk